نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی سے پنجاب فروٹ اینڈ ویجیٹیبل آڑھتیاں ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

پنجاب حکومت روڈا کے ایریا میں نئی منڈی کے قیام کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گی۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور: 15 دسمبر 2022 (   ) صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی سے پنجاب فروٹ اینڈ ویجیٹیبل آڑھتیاں ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی۔صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی (روڈا) کے ایریا میں نئی منڈی کے قیام کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لانے گی اور اس منڈی کو ایسے جدید نظام کے ذریعے استوار کرے گی جس سے کاشتکاروں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا اور ان کو اپنی محنت کا معقول معاوضہ مل سکے گا۔انھوں نے کہا کہ منڈی انٹرنیشنل سٹنڈرڈز کے مطابق آپریٹ ہو گی اور سٹیک ہولڈرز آن بورڈ ہوں گے۔نیلامی کا جدید ترین نگرانی سسٹم،مارکیٹ فیس کا شیڈول،کمیشن اور روزانہ کے نرخ بہتر طور پر واضح جگہوں پر آویزاں کئے جائیں گے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ منڈی میں کشادہ سڑکیں، داخلی وخارجی گیٹ،گرین بیلٹ،ریسکو 1122 کی سروس،ڈسپنسری اور مساجد تعمیر کی جائیں گی۔قبل ازیں آڑھتیاں ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے صوبائی وزیر کو نئی منڈی کے لیے 200 ایکڑ کی بجائے 300 ایکڑ ایریا آلاٹ کرنے،فنڈز کی کمی کا شکار آڑھتوں کی مالی معاونت اور ورکنگ ہولڈرز آڑھتوں کو ہی لائسنس جاری کرنے جیسے مطالبات پیش کئے۔صوبائی وزیر نے وفد کے اراکین کو مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ملاقات میں چیئرمین آڑھتیاں محمد امین بھٹی،نائب صدور حافظ طاہر،خرم منیر اور جنرل سیکرٹری حاجی رحمان بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆